A Publication of Majlis Khuddamul Ahmadiyya Canada

MARCH 2026

# AN NIDA

## MUSLEH MAUD رضی اللہ عنہ

### THE PROMISED SON

**Hazrat Mirza Basheer-ud-Din Mahmood Ahmad**



AN-NIDA MAGAZINE

A publication of MKAC - Since 1989














# CONTENTS




## Publication Team

**Sadr Majlis**
Murabbi Shahrukh Rizwan Abid

**Chief Editor**
Murabbi Abdul Noor Abid

**English Editor**
Abdal Ahmad Mangat

**Urdu Editor**
Hasoor Ahmad Eqan

**Muhtamim Isha'at**
Murabbi Rezwan Mohammad

**Review Board**

Ahmed Sahi
Murabbi Nabil Mirza
Murabbi Sadiq Ahmed
Murabbi Umar Akbar
Murabbi Tahir Mahmood

**Content & Creative Team**

Hannan Ahmad Qureshi
Ataul-Karim Gohar
Asad Ali Malik
Samar Faraz Khawaja
Frasat Ahmad Basharat
Hazqeel Khan
Tamseel Rana
Safeer Ahmad

HOLY

# QURAN

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ
وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً

**"And, indeed, We sent Messengers before thee, and We gave them wives and children."**

*(Ar-Ra`d: 39)*

# HADITH

قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَنْزِلُ
عِيسَى بن مَرْيَمَ إِلَى الْأَرْضِ فَيَتَزَوَّجُ وَيُولَدُ لَهُ

**“The Holy Prophet (sa) said: ‘Jesus, son of Mary, will descend on earth and shall marry and have children.’’**

*(Mishkat al-Masabih, Kitab al-Fitan, Hadith 5508)*



**Hadhrat Mirza Bashiruddin Mahmood Ahmad(ra), The Promised Son (1889-1965)**

EXCERPT

# PROMISED MESSIAH عليه السلام

"...He will be accompanied by grace which shall arrive with him. He will be characterised with grandeur, greatness and wealth. He will come into the world and will heal many of their disorders through his Messianic qualities and through the blessings of the Spirit of Holiness. He is the Word of Allah for Allah's mercy and honour have equipped him with the Word of Majesty..."



(A'ina-e-Kamalat-e-Islam, Ruhani Khazain Vol. 5, p. 647)

GUIDANCE FROM

# HUZOOR ANWAR

MAY ALLAH BE HIS HELPER



**"In terms of worldly education, Hazrat Musleh Maud (ra) had not even passed his primary education. Allah the Almighty was the One Who filled him with this knowledge, as Allah the Almighty had promised, and others couldn't help but praise him."**

Friday Sermon, 23rd February 2024



## Hazrat Musleh Maud (ra):

**"I was not taught, nor was I able to learn. I am not qualified in new fields of knowledge, nor am I skilled in old fields of knowledge. Whatever I have, I get directly from Allah the Almighty … Sometimes I myself do not know what I am saying but divine light just descends from the Heavens."**

**(Al Fazl International, 18 February 1994, Vol. 1, issue 7, p. 2)**



# He Will be Filled with Secular & Spiritual Knowledge

The world is diverse with all kinds of knowledge, but none are as pertinent to peace and prosperity as the delicate balance between secular and spiritual knowledge.

We must understand that secular knowledge is the study of the work of God. Science, logic, and natural laws allow us to navigate this world. To ignore it, is to ignore the very signs the Quran tells us to look for. A parable for the comparison being glasses with no prescriptions; though you possess part of it, you won't be able to see.

**The Quran declares:**

اِنَّ فِيۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الۡاَلۡبَابِ

Verily, in the creation of the heavens and the earth and in the alternation of night and day, there are indeed Signs for men of understanding."

To find the harmony of these two fields look no further than the character of Hazrat Musleh Maud (ra). In fact this was prophesied by the Promised Messiah (as):

***"He will be extremely intelligent and understanding and will be meek of heart and will be filled with secular and spiritual knowledge."***



Exploring his blessed life, we see clearly the dire need for this balance in ourselves and the world at large. The absence of this harmony only brings chaos.

## A Secular World

You reap what you sow. When the world leaned wholly to the secular, it birthed the catastrophe of the World Wars.

Without a moral framework to guide man, he is bound to descend into a primal state and forget the purpose of his soul and his duty to mankind.

كَلَّآ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَيَطۡغٰٓىۙ

اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰى

"Nay, but man does transcend all bounds, because he looks upon himself as self-sufficient." (96:7-8)

Countries blocked supplies to cities, watching as innocent victims succumbed to death by starvation and by disease. Countries competed to see who could create a deadlier weapon.

How morally dead does one have to be to stare as the pained and betrayed tears fail to grant relief to the burnt skin of the innocent? This is the consequence of the chemical and biological weapons used on children, women, and the elderly.

How lost is the soul that can watch children starve to death in front of them; hands pleading for help at the feet of their oppressors. How cruel to think of your fellow species as cockroaches, pushing them into rooms like sardines to be shot, gassed, or cut to death.

In some areas, war prisoners' limbs were being severed while they lay awake, screaming and crying, while being injected with chemicals and disease for amusement and pseudoscience. While the men were ripped apart, the honor of their women was brutally stolen, left for dead, or prostituted out.

These are stories still being told in places like Palestine.

## A Solely Spiritual World

وَيَجۡعَلُ الرِّجۡسَ عَلَى الَّذِيۡنَ لَا يَعۡقِلُوۡنَ

“…and He will bring His wrath upon those who are unmindful.”
(10:101)

During the European inquisitions, the thoughts of scientists were seen as canons pointed at their gods; any person who questioned the religion was declared Satan personified. Hypotheses like the Earth’s revolution of the Sun were deemed blasphemous. There was an abundance of medical ignorance during the bubonic plague, exacerbating the problem.




## Hazrat Musleh Maud (ra) The Equilibrium

Musleh Maud (ra) was a manifestation of the perfect balance between the two. This is especially evident from his writings.

In his magnum opus, ‘Tafsir-e-Kabir’, Hazrat Musleh Muad (ra) applies spiritual knowledge, revelation, and secular knowledge to give us an incredibly accurate expounding of the Quranic text. He utilizes various sciences to directly connect the Word of God to His creation.





Tafsir-e-Kabir was the bridge that connected blind faith and secular logic to help us fully realize our religion. This commentary was written specifically for those who had left religion due to its presentation being illogical and unscientific. He built this bridge with the blessed help of God.

Hazrat Musleh Maud (ra) proved that the Holy Quran is a book in line with the spiritual laws and the secular laws of the universe. In this grand exegesis, precipitation, condensation, the process of fertilization, the connection of spiritual growth to the growth of the embryo, the universe, the correction of historical mistakes other past commentators have made are all uncovered and taught. These are just some of the gems uncovered in this exegesis.



## Atomic Bomb

In 1945, as the world watched atomic bombs fall on the cities of Hiroshima and Nagasaki, man came upon a scene never before.
The subsequent condemnation of Hazrat Musleh Maud (ra) displays his keen understanding of both religious and secular knowledge.

Hazrat Musleh Maud (ra) warned:

"As far as humanity is concerned, destruction of this kind cannot be declared lawful. There had always been wars and enmities, but despite those enmities and wars, there were some limits fixed, which were never violated. However, there is no limit now… Although our voice may be [considered] of no value, it is our religious and moral duty to announce to the world that we do not consider such bloodshed as lawful, notwithstanding if our announcement makes certain governments pleased or displeased."

(Friday Sermon, August 10, 1945 – Khutbat-e-Mahmud, vol. 26, pp. 314-315)

This sermon declared the end of old tactics of war, and forecasted darker, and even less moral times to come. He also says that it is our religious and moral duty to announce to the world that this sort of war is not right regardless of whether our leaders hearken or not.

## The New World Order of Islam

In the 20th century the world saw a violent clash of politics and economics. Hazrat Musleh Maud (ra) in 'The New World Order of Islam' examined this changing political world under both secular and moral lenses. His advice encompasses both perspectives: the individual and the world. Hazrat Musleh Maud (ra) demonstrates the Islamic system as superior, putting it head-to-head with the other systems, and displays the world's yearning for Islam. He explains that the world can only truly progress with individual sacrifice, simple living, and Islamic morals. A third individual system is needed, that has the incentive of capitalism and social security of socialism and communism.

This is a direct consequence of the greed that the capitalist system enables. Hoarding makes the heart hard towards people with less, leading to exploitation of these individuals.

كَيۡ لَا يَكُوۡنَ دُوۡلَةًۢ بَيۡنَ الۡاَغۡنِيَآءِ مِنۡكُمۡ

"...so that it (wealth) may not circulate only among those of you who are rich."

(59:8)

Hazrat Musleh Maud (ra) speaks of how, when wealth is in the hands of a few, the economy and society suffer.

He explains that capitalism and socialism, specifically in the Marxist-Leninist model, suppress personal identity, strips individuals of their rights to property, and individual autonomy. The outcome leaves people unmotivated and angry. Such a system ignores human psychology, and leads to national decay.

Huzoor (ra) outlined that the perfect system of Islam is the one that allows personal prosperity and individual earning, which keeps the secular cogs of the economic machine running, while also having the system of zakat and abolishing interest. This counters hoarding and the development of greed, thus benefiting the less fortunate and the economy as a whole.

## Conclusion

Such broad secular and spiritual thinking keenly highlights the divine guidance granted to Hazrat Musleh Maud (ra). The reality is that when one can not critically analyze and ponder on the spiritual word, he can not truly understand and act on his religion. Likewise if one only seeks to progress in secularism, in turn forgetting his soul, he will also fail.



**By Sherjeel Muzaffar**
**6th year Jamia Student**

فَإِذَا انشَقَّتِ السَّمَاءُ
فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ


# "WHEN THE HEAVEN IS RENT ASUNDER, AND ASSUMES A ROSY HUE LIKE RED LEATHER"

(55:38)



Image credit: NASA, J. P. Harrington (U. Maryland) and K. J. Borkowski (NCSU)

# THE RISE OF U.S. GLOBAL HEGEMONY



By Umar Shabooti
Master of Arts in Diplomacy, specializing in International Conflict Management Student at Norwich University

## The 20th century was a time of major global changes, marked by wars, economic struggles, and shifting political ideas.

World War I (WWI) in 1914 disrupted the global order and led to widespread violence. This was followed by the Great Depression of 1929, the longest economic downturn in history. Later, the rise of Adolf Hitler and the outbreak of World War II (WWII) brought even more devastation. The Cold War and events like the Cuban Missile Crisis added to global tension. During this period, powerful nations like Britain and France saw their influence decline. Meanwhile, the United States rose to become the dominant global power. This essay will explain how economic, political, and ideological factors helped the U.S. achieve global leadership in the 20th century.



WWI was a turning point for the U.S. and set the stage for its economic rise. The U.S. joined the war in 1917, a decision that had lasting effects on its global role. Before this, Britain had been the leading world power but was drained financially by the war. As Jeremy Black explains, Britain became "heavily dependent on American financial and industrial resources" (Black, p.143). To fund its war efforts, Britain sold off assets, giving the U.S. a significant economic advantage. By the end of the war, America had become the largest industrial power and the world's biggest creditor (Black, p.144). This economic momentum continued after WWII. By the 1940s, the U.S. dollar had become the global reserve currency, and American exports kept growing. From 1993 to 1999, U.S. global exports rose from 15.3% to 17.7%, while its share of the world's GDP also increased (Black, p.201). James Nathan notes that the U.S. controlled nearly a quarter of global manufacturing during this time (Nathan, p.106). This economic strength allowed the U.S. to fund military expansions, further solidifying its global power. By delaying its entry into WWI, the U.S. weakened Britain's dominance and positioned itself as the new global leader.



The decline of colonial empires like Britain, France, and the Netherlands also helped the U.S. rise. These nations faced growing anti-colonial movements and financial strain from WWII. Many colonies demanded independence, and imperial powers struggled to maintain control. Britain and France, for example, faced resistance from rebels using guerrilla tactics to fight for freedom. These conflicts made the cost of maintaining empires too high (Black, p.173). The U.S., under President Roosevelt, opposed colonial rule and supported anti-imperial policies (Black, p.175). The Suez Crisis of 1956 highlighted the decline of European powers. When Britain, France, and Israel launched an attack on Egypt, the U.S. refused financial support, forcing them to withdraw. This event marked a turning point, leading to rapid decolonization, especially by Britain after 1957 (Black, p.170). By 1961, the U.S. and the Soviet Union were the primary global powers, sidelining older colonial empires. The fall of European powers cleared the way for U.S. economic and political leadership.

The ideological success of Western capitalism over Soviet communism was another key factor in the U.S.'s rise. The Western welfare state operated in a "cooperative mode," while the Soviet state used a "directive, administrative mode" (Gill, p.194). The Soviet Union initially grew as a power but failed to reform its economy, leading to its collapse (Gill, p.225). The U.S. welfare state, on the other hand, was deeply connected to society, creating stability and strength. This "development of institutional and organic interdependence" gave the U.S. a significant advantage over the USSR (Gill, p.227). Unlike the Soviet system, which relied on domination and control, the U.S. system fostered cooperation and integration with its citizens (Gill, p.228). This made the Western welfare state the strongest and most stable political structure by the late 20th century (Gill, p.230). The fall of communism and the success of Western capitalism solidified U.S. ideological dominance.

The 20th century was marked by a power struggle between the U.S. and the USSR, with the constant threat of nuclear war. While technology played a role, economic, political, and ideological factors were key to the U.S.'s rise. Strategic decisions and historical events reshaped the global order, establishing the U.S. as the world's leading power.

**Works Cited**
Black, J. (2008). Great powers and the quest for hegemony: The World Order since 1500. Routledge.
Gill, G. (2016). The nature and development of the modern state. Palgrave.
Nathan, J. A. (2002). Soldiers, Statecraft, and history: Coercive diplomacy and international order. Praeger.
Quigley, C. (2004). Tragedy and hope: A history of the world in our time. GSG & Associates.



مجلس خدام الاحمدیہ کینیڈا کا ماہوار رسالہ
مارچ 2026

# النداء

## حضرت مسیح موعود و مہدی معہود

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی صاحب علیہ السلام



AN-NIDA MAGAZINE

A publication of MKAC - Since 1989



04 قال اللّٰه



05 قال الرسول ﷺ



07 کلام الامام امام الکلام



08 فرمان خلیفۂ وقت

# فہرست




حضرت مسیح موعودؑ کی بنی نوع سے غیر معمولی ہمدردی 10



## اشاعت ٹیم

صدر مجلس
شاہ رخ رضوان عابد صاحب مربی سلسلہ

مُدیرِ اعلیٰ
عبد النور عابد صاحب مربی سلسلہ

مدیر اردو
حصور احمد ایقان صاحب

مہتمم اشاعت
رضوان محمد صاحب مربی سلسلہ

مدیر انگریزی
ابدال احمد مانگٹ صاحب

ریویو بورڈ ٹیم ممبران
صادق احمد صاحب مربی سلسلہ

ٹیم ممبران
عطاء الکریم گوہر صاحب
اسد علی ملک صاحب
ثمر فراز خواجہ صاحب
فراست احمد بشارت صاحب

ڈیزائن
حنان احمد قریشی صاحب

# قال اللہ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا
فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ
الْحَكِيْمِ ۲

اللہ ہی کی تسبیح کرتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ وہ بادشاہ ہے۔ قدّوس ہے۔ کامل غلبہ والا (اور) صاحبِ حکمت ہے۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ
رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ
وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ
لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۳

وہی ہے جس نے امّی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ اُن پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۴

اور انہی میں سے دوسروں کی طرف بھی (اسے مبعوث کیا ہے) جو ابھی اُن سے نہیں ملے۔ وہ کامل غلبہ والا (اور) صاحبِ حکمت ہے۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۵

یہ اللہ کا فضل ہے وہ اُس کو جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔

سورۃ الجمعۃ: 2تا5

# قال الرسول صلى الله عليه وسلم

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رضى الله عنه قَالَ كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْجُمُعَةِ ''وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ'' قَالَ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَلَمْ يُرَاجِعْهُ حَتَّى سَأَلَ ثَلاَثًا، وَفِينَا سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ، وَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ " لَوْ كَانَ الإِيمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ ـ أَوْ رَجُلٌ ـ مِنْ هَؤُلاَءِ "

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔انہوں نے کہا: ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور آپؐ پر سورۃ جمعہ نازل کی گئی۔ وَ اٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ کے متعلق حضرت ابوہریرہؓ کہتے تھے میں نے پوچھا: یارسول اللہ! یہ کون ہیں؟ تو آپؐ نے اس کا ان کو جواب نہیں دیا۔ پھر انہوں نے تین بار پوچھا اور اس وقت ہم میں سلمان فارسیؓ تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ سلمانؓ پر رکھا اور فرمایا: اگر ایمان ثریا کے پاس بھی ہو تو ان میں سے کچھ مرد یا فرمایا ایک مرد اُس تک پہنچ جائیں گے۔

صحیح البخاری کتاب التفسیر، حدیث 4897



حضرت مرزا غلام احمد قادیانی، مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام
1835-1908

# کلام الامام امام الکلام

## فرمان حضرت مسیح موعودؑ



”میں تو بہت دعا کرتا ہوں کہ میری سب جماعت اُن لوگوں میں ہو جائے جو خدا تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور نماز پر قائم رہتے ہیں اور رات کو اُٹھ کر زمین پر گرتے ہیں اور روتے ہیں اور خدا کے فرائض کو ضائع نہیں کرتے۔“

(تذکرۃ الشہادتین، روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 77)

”خدا تعالیٰ نے مجھ کو اس زمانہ کی اصلاح کیلئے بھیجا ہے تا وہ غلطیاں جو بجز خدا تعالیٰ کی خاص تائید کے نکل نہیں سکتی تھیں وہ مسلمانوں کے خیالات سے نکالی جائیں اور منکرین کو سچے اور زندہ خدا کا ثبوت دیا جائے اور اسلام کی عظمت اور حقیقت تازہ نشانوں سے ثابت کی جائے سو یہی ہو رہا ہے۔“

(برکات الدعاء، روحانی خزائن جلد 6، صفحہ 24)


# فرمانِ خلیفہ وقت



”آپؑ نے اس بات کا بھی اظہار کئی جگہ فرمایا ہے کہ یہ سب کچھ مجھے اس لیے ملا کہ میں اللہ تعالیٰ کے محبوب اور پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل اتباع کرنے والا اور آپؐ سے محبت کرنے والا ہوں اور اس کے نتیجہ میں پھر اللہ تعالیٰ کی محبت کے دروازے بھی مجھ پر کھلتے چلے گئے اور اس کا ادراک بھی مجھے پیدا ہوا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش مجھ پر برستی چلی گئی۔“

(خطبہ جمعہ 2 جنوری 2026ء)

# غیرتِ اسلامی کو اپیل



خدا سے وہی لوگ کرتے ہیں پیار
جو سب کچھ ہی کرتے ہیں اُس پر نثار

اِسی فکر میں رہتے ہیں روز و شب
کہ راضی وہ دلدار ہوتا ہے کب؟

اُسے دے چکے مال و جاں بار بار
ابھی خوف دل میں کہ ہیں نابکار

لگاتے ہیں دل اپنا اُس پاک سے
وہی پاک جاتے ہیں اِس خاک سے

(علامات المقربین، دُرِّ ثمین اُردو)

# حضرت مسیح موعودؑ کی بنی نوع سے غیر معمولی ہمدردی

تحریز از کامران راجپوت (مجلس مقامی)

اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ وَاِیۡتَآیِٔ ذِی الۡقُرۡبٰی وَیَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ وَالۡبَغۡیِ ۚ یَعِظُکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ

ترجمہ: یقیناً اللہ عدل کا اور احسان کا اور اقرباء پر کی جانے والی عطا کی طرح عطا کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور ناپسندیدہ باتوں اور بغاوت سے منع کرتا ہے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم عبرت حاصل کرو۔

آج کل اگر ہم دنیا کی طرف غور کریں تو موجودہ عالمی حالات دلخراش اور رقت آمیز ہیں۔ فلسطین کی سرزمین پر معصوموں کا قتل عام، ایران کی زمین پر تباہی کے بادل چھائے ہوئے، غزہ کی گلیوں میں مظلوموں کی چیخیں آسمان کو چھوتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ یہ تمام بربادیاں اور جنگیں دراصل ہمدردی کی شدید کمی اور انسانیت سے دوری کا نتیجہ ہیں، جہاں انسان نے انسان کو اپنا سب سے بڑا دشمن بنالیا ہے۔

ایسے انتشار زدہ دور میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا نورانی پیغام ایک روشن مینار کی مانند چمکتا ہے، جو ہمیں سکھاتا ہے کہ حقیقی امن صرف اور صرف بنی نوع انسان کے ساتھ غیر معمولی ہمدردی سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ آپ نے فرمایا:

"ہمارا یہ اصول ہے کہ کل بنی نوع کی ہمدردی کرو۔ اگر ایک شخص ایک ہمسایہ ہندو کو دیکھتا ہے کہ اس کے گھر میں آگ لگ گئی اور یہ نہیں اٹھتا کہ تا آگ بجھانے میں مدد دے تو میں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ مجھ سے نہیں ہے۔ اگر ایک شخص ہمارے مریدوں میں سے دیکھتا ہے کہ ایک عیسائی کو کوئی قتل کرتا ہے اور وہ اس کے چھڑانے کیلئے مدد نہیں کرتا تو میں تمہیں بالکل درست کہتا ہوں کہ وہ ہم میں سے نہیں ہے۔" (سراجِ منیر، روحانی خزائن جلد 12، صفحہ 28)

یہ عظیم الفاظ — جو آپ کے پاکیزہ دل کی وسعت کو ظاہر کرتے ہیں — ہمیں یہ بھی سکھاتے ہیں کہ ہمدردی کا دائرہ کسی ایک قوم یا مذہب تک محدود نہیں، بلکہ پوری بنی نوع انسان اس کا حق دار ہے۔



## قرآنی تعلیم: انسانی برادری کی بنیاد

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ

ترجمہ: یعنی اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ یقیناً اللہ دائمی علم رکھنے والا (اور) ہمیشہ باخبر ہے۔

اس آیت مبارکہ سے واضح ہوتا ہے کہ انسانی تقسیم صرف پہچان کے لیے ہے، نہ کہ تفریق یا نفرت پھیلانے کے لیے۔ بہت ہی بد قسمتی کی بات ہے کہ آج کا انسان بحیثیت مجموعی اس سبق کو بھول چکا ہے——وہ نقشے پر کھینچی ہوئی چند لکیروں کو خدائی تقدیریں سمجھ بیٹھا ہے اور مظلوم کی آہ کو گالی سمجھتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس قرآنی سبق کو اپنی زندگی میں عملاً پیش کیا۔ آپ نے فرمایا:

”میں تمام مسلمانوں اور عیسائیوں اور ہندوؤں اور آریوں پر یہ بات ظاہر کرتا ہوں کہ دنیا میں کوئی میرا دشمن نہیں ہے۔“

(اربعین، روحانی خزائن جلد 17، صفحہ 344)

مزید برآں، آپ نے نہم شرطِ بیعت میں جماعت میں داخل ہونے والوں کو واضح فرمایا:

”کہ عام خلق اللہ کی ہمدردی میں محض للہ مشغول رہے گا اور جہاں تک بس چل سکتا ہے اپنی خداداد طاقتوں اور نعمتوں سے بنی نوع کو فائدہ پہنچائے گا۔“

## ہمدردی بطور فطری جذبہ

آپؑ اپنی طبیعت کے بارے میں فرماتے ہیں:

”میری تو یہ حالت ہے کہ اگر کسی کو درد ہوتا ہو اور میں نماز میں مصروف ہوں میرے کان میں اس کی آواز پہنچ جاوے تو میں یہ چاہتا ہوں کہ نماز توڑ کر بھی اگر اس کو فائدہ پہنچا سکتا ہوں تو فائدہ پہنچاؤں اور جہاں تک ممکن ہے اس سے ہمدردی کروں۔ یہ اخلاق کے خلاف ہے کہ کسی بھائی کی مصیبت اور تکلیف میں اس کا ساتھ نہ دیا جاوے۔ اگر تم کچھ بھی اس کے لئے نہیں کر سکتے تو کم از کم دعا ہی کرو۔“

(شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں صفحہ 163)

آپؑ اپنے ایک شعر میں اس جذبۂ ہمدردی کو یوں بیان فرماتے ہیں:

اَحِنُّ إِلَى مَنْ لَا يَحِنُّ مَحَبَّةً
وَاَدْعُوْ لِمَنْ يَدْعُوْ عَلَيَّ وَيَهْذِرُ

یعنی میں تو محبت کی وجہ سے اس کی طرف بھی مائل ہوتا ہوں جو میری طرف مائل نہیں ہوتا اور میں اس کے لئے بھی دعا کرتا ہوں جو مجھ پر بد دعا کرتا ہے اور بکواس کرتا ہے۔

(القصائد الاحمدیہ صفحہ 106)

## عملی نمونے واقعات کی روشنی میں

### بڑھیا کے خط کا واقعہ

آپ خود ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں:

”ایک مرتبہ میں باہر سیر کو جا رہا تھا ایک پٹواری عبدالکریم میرے ساتھ تھا۔ وہ ذرا آگے تھا اور میں پیچھے۔ راستہ میں ایک بڑھیا کوئی 70 یا 75 برس کی ضعیفہ ملی۔ اس نے ایک خط اسے پڑھنے کو کہا مگر اس نے اسے جھڑکیاں دے کر ہٹا دیا۔ میرے دل پر چوٹ سی لگی۔ اس نے وہ خط مجھے دیا۔ میں اس کو لے کر ٹھہر گیا اور اس کو پڑھ کر اچھی طرح سمجھا دیا۔ اس پر اسے سخت شرمندہ ہونا پڑا کیونکہ ٹھہرنا تو پڑا اور ثواب سے بھی محروم رہا۔“

(ملفوظات، جلد 1، صفحہ 416)

### طاعون کے دنوں میں دعا



حضرت یعقوب علی صاحب عرفانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت مخدوم الملت مولانا مولوی عبدالکریم صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ بیان کیا کہ بیت الدعا کے اوپر میرا حجرہ تھا۔ اور میں اس کو بطرز بیت الدعا استعمال کیا کرتا تھا۔ اس میں سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حالت دعا میں گریہ وزاری کو سنتا تھا۔ اس کے ساتھ ہی حجرہ تھا۔ کہتے ہیں کہ جب حضور وہاں دعا کیا کرتے تھے نماز پڑھا کرتے تھے تو میں حضور کی گریہ وزاری کو سنتا تھا۔ آپ کی آواز میں اس قدر درد اور سوزش تھی کہ سننے والے کا پتہ پانی ہوتا تھا اور آپ اس طرح آستانہ الٰہی پر گریہ وزاری کرتے تھے جیسے کوئی عورت دردِ زہ سے بے قرار ہو۔ وہ فرماتے تھے کہ میں نے غور سے سنا تو آپ مخلوق الٰہی کے لئے طاعون کے عذاب سے بچنے کے لئے دعا کرتے تھے۔ (ان دنوں میں طاعون کے دن تھے) مخلوق الٰہی کے لئے طاعون کے عذاب سے بچنے کے لئے دعا کرتے تھے کہ الٰہی اگر یہ لوگ طاعون کے عذاب سے ہلاک ہو جائیں گے تو پھر تیری عبادت کون کرے گا۔

(ماخوذ از سیرت حضرت مسیح موعودؑ از حضرت یعقوب علی صاحب عرفانیؓ صفحہ 429-428)

## خدام سے ہمدردی اور کشتی نوح کی تعلیم

حضرت مفتی محمد صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لاہور میں آپ سردیوں کی راتوں میں بھی خدام کی خیریت دریافت فرماتے، بے تکلف سے پیش آتے۔ حضرت مولوی شیر علیؓ سے روایت ہے کہ:

”حضرت مسیح موعودؑ کی صحبت اور مجلس میں بیٹھنے سے دل میں خوشی اور بشاشت اور اطمینان پیدا ہوتے تھے اور خواہ انسان کتنا بھی متفکر اور غمگیں یا مایوس ہو، آپؑ کے سامنے جاتے ہی قلب کے اندر مسرت اور سکون کی ایک لہر دوڑ جاتی تھی۔“ (سیرت المہدی جلد اوّل صفحہ ۳۵۷)

ہمدردی کوئی معمولی چیز نہیں——یہ عباد اللہ کی ایک نشان ہے۔ اسی لئے قرآن میں اللہ تعالیٰ عباد اللہ کے بارے میں فرماتا ہے:

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝۹ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝۱۰

اور سچے مومن کھانے کو، اس کی چاہت کے ہوتے ہوئے، مسکینوں اور یتیموں اور اسیروں کو کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تمہیں محض اللہ کی رضا کی خاطر کھلا رہے ہیں، ہم ہر گز نہ تم سے کوئی بدلہ چاہتے ہیں اور نہ کوئی شکریہ۔

(سورۃ الدھر آیت ۹-۱۰)

آپؑ نے کشتی نوح میں یہی نقطہ بیان کیا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

"سو تم اُس کی جناب میں قبول نہیں ہو سکتے جب تک ظاہر و باطن ایک نہ ہو بڑے ہو کر چھوٹوں پر رحم کرو نہ اُن کی تحقیر اور عالم ہو کر نادانوں کو نصیحت کرو نہ خود نمائی سے اُن کی تذلیل اور امیر ہو کر غریبوں کی خدمت کرو نہ خود پسندی سے اُن پر تکبر۔۔۔"

"تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی۔ تم میں سے زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے گناہ بخشتا ہے اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا"

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد ۱۹، صفحہ ۱۲)

"سو دراصل خدا کی مخلوق لے ساتھ ہمدردی کرنا بہت ہی بڑی بات ہے اور خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔"

(ملفوظات جلد ۸، صفحہ ۲۶)

## خلاصہ

آج جب دنیا نفرت، تشدد اور تفریق کے ہاتھوں تنگ ہے، جہاں ایک قتل پر ہزاروں بے گناہ مارے جاتے ہیں، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی یہ ہمدردی — یہ غیر معمولی ہمدردی — جو ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم اور سنت کی مکمل اتباع کے نتیجے میں آپ میں پیدا ہوئی — یہی دنیا کے حالات کا نسخہ ہے۔

آج جماعتِ احمدیہ ہی وہ واحد جماعت ہے جو سارے عالم کو

Love for All, Hatred for None

کا پیغام دے رہی ہے اور حضرت مسیح موعودؑ کے مشن کو زمین کے کناروں تک پہنچا رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کو مزید وسیع کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

آخر میں حضرت مسیح موعودؑ کے ان الفاظ پر اس مضمون کو ختم کیا جاتا ہے:

"پس مخلوق کی ہمدردی ایک ایسی شے ہے کہ اگر انسان اسے چھوڑ دے اور اس سے دور ہوتا جاوے تو رفتہ رفتہ پھر وہ درندہ ہو جاتا ہے۔ انسان کی انسانیت کا یہی تقاضا ہے اور وہ اسی وقت تک انسان ہے جب تک اپنے دوسرے بھائی کے ساتھ مروت، سلوک اور احسان سے کام لیتا ہے اور اس میں کسی قسم کی تفریق نہیں ہے جیسا کہ سعدی نے کہا ہے۔"

مرا مقصود و مطلوب و تمنّا خدمتِ خلق است
ہمیں کارم ہمیں بارم ہمیں رسمم ہمیں راہم

میرا مقصود، مطلوب اور تمنا محض مخلوق خدا کی خدمت ہے۔ یہی میرا کام ہے، یہی میرا دین ہے اور یہی میرا طریق ہے اور یہی میرا راستہ ہے۔



# جاگو اٹھو دیکھو

پس جاگو اور اٹھو اور دیکھو کہ یہ کیسا وقت آگیا اور سوچو کہ یہ موجودہ خیالات توحید محض کے کس قدر مخالف ہیں یہاں تک کہ خدا تعالیٰ کی قدرت کا خیال بھی ایک بڑی نادانی کا طریق سمجھا جاتا ہے اور تقدیر کے لفظ کو منہ پر لانے والا بڑا بے وقوف کہلاتا ہے اور فلسفی دماغ کے آدمی دہریت کو پھیلاتے جاتے ہیں اور اس فکر میں لگے ہوئے ہیں کہ تمام کل الوہیت کی کسی طرح ہمارے ہاتھ میں ہی آجاوے ہم ہی جب چاہیں وباؤں کو دور کر دیں موتوں کو ٹال دیں اور جب چاہیں بارش برسا دیں کھیتی اُگا لیں اور کوئی چیز ہمارے قبضہ قدرت سے باہر نہ ہو۔ سوچو کہ اس زمانہ میں ان بے راہیوں کا کچھ انتہا بھی ہے ان آفتوں نے اسلام کے دونوں بازوؤں پر تبر رکھ دیا ہے اے سونے والو بیدار ہو جاؤ اے غافلو اٹھ بیٹھو کہ ایک انقلاب عظیم کا وقت آگیا۔ یہ رونے کا وقت ہے نہ سونے کا اور تضرع کا وقت ہے نہ ٹھٹھے اور ہنسی اور تکفیر بازی کا۔ دعا کرو کہ خداوند کریم تمہیں آنکھیں بخشے تا تم موجودہ ظلمت کو بھی بتمام وکمال دیکھ لو اور نیز اُس نور کو بھی جو رحمت الٰہیہ نے اُس ظلمت کے مٹانے کیلئے تیار کیا ہے پچھلی راتوں کو اٹھو اور خدا تعالیٰ سے رو رو کر ہدایت چاہو۔

(روحانی خزائن جلد 5 صفحہ 53-54)

# اردو
# اردو
# اردو

اُردو کسی نے سیکھنی ہے تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام سے سیکھے۔ ہر زبان سچائی سے بنتی ہے، ہر زبان میں سچائی کی طاقت چمکتی ہے اور اردو میں بھی جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کا ایک مقام اور مرتبہ ہے اس کو کبھی کوئی اور نہیں پہنچ سکتا۔ نہ پہلے خلفاء پہنچ سکے۔ میرا تو سوال ہی نہیں نہ آئندہ کبھی کوئی خلفاء پہنچ سکیں گے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی بات ہی اور ہے اور یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں آپ کے مقام کی طرف راہنمائی کرتی ہیں۔

(خطبات طاہر جلد 17 صفحہ 108)







گالیاں سن کے دعا دیتا ہوں ان لوگوں کو
رحم ہے جوش میں اور غیظ گھٹایا ہم نے



حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے متعلق بہت ہی گندی باتیں کی گئی ہیں اور وہاں بھی جو صحابہؓ تھے وہ برداشت نہیں کر سکے اور جواب میں بعض دفعہ گندی بات استعمال کی اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے اس کو ناپسند فرمایا کہ ہر گز تمہارے لئے زیبا نہیں تھا کہ تم اس کلام کو اپنے منہ سے نکالتے۔

(خطبات طاہر جلد 17، صفحہ 279)

